Junior Level
عمر: 3.5 - 5 سال

اسلامیات

# تربیتی نِصَاب



بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْمِ اَمَّا بَعْد!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

تعلیم کے ساتھ ساتھ ادب سکھلانے، اچھے اخلاق کی عادت ڈالنے اور تربیت کرنے کی بہت زیادہ ضرورت اور اہمیت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک موقع پر ادب سکھلانے کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف فرمائی اور فرمایا:

اَدَّبَنِیْ رَبِّیْ فَاَحْسَنَ تَاْدِیْبِیْ

میرے رب نے مجھے ادب سکھلایا اور بہترین تربیت کی۔

تربیت اور ادب سکھلانے کا سلسلہ حقیقت میں بچپن ہی سے شروع ہو جانا چاہیے، بچپن سے جن اخلاق کی تربیت دے دی جاتی ہے وہ عام طور پر پچپن تک یعنی دیر پا رہتی ہیں اور اَلنَّقْشُ عَلَی الْحَجَرِ (پتھر پر نقش) کی طرح موت تک معمولات میں شامل ہو جاتی ہے۔ اس لیے نیت کریں کہ ہم اپنے بچوں کی ایسی تربیت کریں کہ یہ بڑے ہو کر "صادق" اور "امین" بن جائیں اور اچھے اخلاق کے حامل پکے مسلمان اور اچھے شہری ثابت ہوں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور اس کی دی ہوئی توفیق سے علماء کرام، ماہرینِ تعلیم اور تجربہ کار معلمین اور معلمات کی زیر سرپرستی اسلامیات کا نصاب "تربیتی نصاب" کے نام سے تیار کیا گیا ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ!

یہ مونٹیسری کے بچوں کے لیے آسان اور دلچسپ انداز میں کتاب تیار کرنے کی ایک کوشش کی گئی ہے۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

عاجزانہ درخواست ہے کہ بندہ اور احباب مکتب تعلیم القرآن الکریم اور جن حضرات نے یہ کتاب آپ تک پہنچانے میں تعاون کیا، سب کو حیاً و میتاً اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ اے اللہ اس کتاب کو ہم سب کی تربیت وہدایت کا ذریعہ بنادے۔

آپ کی آراء، تجاویز اور اصلاح کے طالب
احباب مکتب تعلیم القرآن الکریم

نام ____________

کلاس ____________

اسکول ____________

جملہ حقوق محفوظ ہیں
ٹریڈ مارک #432681

| | |
|---|---|
| تاریخ اشاعت | اکتوبر 2018 |
| لے آؤٹ وکمپوزنگ | عبید اشفاق، محمد ارسلان |
| ایڈیشن وتعداد | 01 - 30000 |

maktab2006@hotmail.com
www.maktab.com.pk

# کتاب کا تعارف

اسلامیات کی کتاب برائے مونٹیسری (جونیئر لیول) حاضرِ خدمت ہے۔ مونٹیسری کے بچے چوں کہ لکھنا پڑھنا سیکھنے کے بالکل ابتدائی مرحلے میں ہوتے ہیں، اس لیے اس کتاب میں اسلام کی بنیادی باتیں بچوں کو سکھانے کے لیے سننے، بولنے، دیکھنے اور عملی مشق کے طریقۂ کار کو استعمال کیا گیا ہے۔

اساتذہ اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ Lesson Planning فنِ تدریس کا ایک اہم حصہ ہے، اس سلسلے میں مدد دینے کے لیے کتاب کو اس انداز سے مرتب کیا گیا ہے کہ اساتذہ کے لیے یہ کتاب کارآمد ثابت ہو اور ساتھ ہی بچے بھی مضمون میں دلچسپی لیں، نیز کتاب میں معلمین/ معلمات کے لیے ہر سبق سے متعلق مفصل ہدایات بھی ہیں، اس طرح یہ کتاب گائڈ بک کی ضرورت بھی پوری کرتی ہے۔

اس کتاب میں چار ابواب ہیں:

۱ ایمانیات
۲ عبادات
۳ احادیث اور مسنون دعائیں
۴ سیرت اور اخلاق و آداب

## کتاب کی نمایاں خصوصیات

- جاذبِ نظر رنگین تصاویر
- ہر سبق میں سبق کا مقصد
- عملی مشق
- ہدایات برائے معلمات
- مختلف آسان Activities
- بچوں کی نفسیات کے مطابق
- ذہنی سرگرمی
- تصویر کہانی
- ہر سبق کی میعاد
- اسٹیکر Activities
- فائدے کی بات

نوٹ: کتاب کے آخر میں اسٹیکر شیٹ دی گئی ہے، سبق میں دی گئی ہدایات کے مطابق بچوں سے اسٹیکر چسپاں کروائیں۔

# فہرست


## ایمانیات

- اللہ تعالیٰ — 4
- ہمارا دین — 7
- اسلام کا کلمہ — 8
- انبیا علیہم الصلاۃ والسلام — 9
- آسمانی کتابیں — 10

## احادیث و مسنون دعائیں

- سلام ۔ مسلمان بھائی بھائی ہیں — 17
- سیدھے ہاتھ سے کھانا ۔ سچ بولنا — 18
- مسنون اذکار — 19
- مسنون دعائیں — 20
- کھانے کی دعا ۔ سونے کی دعا — 21

## عبادات

- نماز — 11
- روزہ — 13
- وضو — 14
- جمعہ — 15
- حج — 16

## سیرت و اخلاق و آداب

- حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم — 22
- ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق — 23
- کھانے اور پینے کے آداب — 24
- سلام — 26
- سونے کے آداب — 27

# سبق:۱ | اللہ تعالیٰ

**مقصد:** بچوں کو اللہ تعالیٰ کا تعارف کروانا اور اللہ تعالیٰ کے خالق و مالک ہونے کے بارے میں بتانا۔



**ہدایات**

بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے لفظ "اللہ" کی پہچان کروائیں، اور بار بار بچوں سے کہلوائیں۔ سبق کی دُہرائی کے ذریعے بچوں کا ایمان مضبوط بنائیں، اللہ تعالیٰ کی صفات بتائیں کہ صرف وہی سب کا پیدا کرنے والا، سب کو رزق دینے والا اور سب کا مالک ہے۔

تصویر میں موجود چیزوں پر انگلی رکھ کر بچوں سے پوچھیں کہ یہ کیا ہے؟ اور ہمیں یہ نعمتیں کس نے دی ہیں؟

# اللہ سُبحَانَہٗ وَتَعَالیٰ نے

سوال | ہم سب کو کس نے پیدا کیا ہے؟

سوال | ساری دنیا کس نے بنائی؟

سوال | پھول پودے درخت کس نے اگائے؟

سوال | سورج، چاند اور ستارے کس نے پیدا کیے ہیں؟

سوال | ہم کو کھانے پینے کی چیزیں کون دیتا ہے؟






**یاد رکھنے کی بات**


اللہ تعالیٰ
سب سے بڑے ہیں۔




یہ سبق دس دن میں پڑھائیں


**عملی مشق** | اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی ان نعمتوں پر اسٹیکر لگائیں ان کے نام بتائیں۔




پینسل پھیریں اور رنگ بھریں



## 1

**مقصد: بچوں کو بچپن سے سلام کرنے کا عادی بنانا۔**

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:

"اَفْشُوا السَّلَامَ۔"

(صحیح المسلم، الرقم:۹۳)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "سلام کو عام کرو۔"




ہدایات: ۱ بچوں کو سلام کرنے اور سلام کا جواب دینے کی بار بار عملی مشق کروائیں۔

## 2

**مقصد: بچوں میں ہر مسلمان کو اپنا بھائی سمجھنے کا ذہن بنانا۔**

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:

"اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ۔"

(صحیح البخاری، الرقم:۲۴۴۲)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔"




ہدایات: ۲ بچوں کا ذہن بنائیں کہ ہر مسلمان سے محبت کریں اور اس کے لیے دعا کریں۔

**عملی مشق**

بچوں کو ہمیشہ سلام کہنے کی عادت ڈلوائیں اور سلام کے دیگر آداب اور فوائد بھی بتائیں، مثلاً: بڑوں کو سلام کریں، سلام کرنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں، سلام کرنے والے کو سب اچھا سمجھتے ہیں وغیرہ۔

یہ سبق دس دن میں پڑھائیں

# سبق: ۴

## مسنون اذکار

**بچوں سے پوچھیں**

ہم اللہ تعالیٰ کا شکر کیسے ادا کریں گے؟




**1**

**مقصد: بچوں کو ہر موقع پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کا عادی بنانا۔**

اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا ہو تو کہیں:

”اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ“

ترجمہ: ”سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں۔“

**2**

**مقصد: اچھی چیز دیکھ کر اللہ تعالیٰ کی بڑائی بیان کرنا سکھانا۔**

کسی اچھی چیز کو دیکھیں تو کہیں:

”مَاشَآءَاللّٰهُ“

ترجمہ: ”جو اللہ تعالیٰ چاہتا ہے (وہی ہوتا ہے)۔“

**ہدایات**

۱. کلاس روم میں بچوں کی اچھی عادات دیکھیں تو مَاشَآءَاللّٰهُ کہہ کر انھیں سراہیں، بچوں سے بھی عملی مشق کروائیں۔
۲. نعمتیں استعمال کرنے کے بعد اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہنے کے فوائد بتائیں، اسی طرح بچوں کو روزمرہ کے کاموں میں مثلاً: کھانے کے بعد، پانی پینے کے بعد اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہنا سکھائیں۔

یہ سبق دس دن میں پڑھائیں

# سبق:۳ | کھانے اور پینے کے آداب

**مقصد:** بچوں کو کھانے اور پینے کے چند آداب سکھانا۔

راشد اور کلیم ایک ہی اسکول میں پڑھتے ہیں۔ جب بھی بریک میں ملتے ہیں کھانے کے آداب ایک دوسرے کو سناتے ہیں۔ آیئے ہم بھی سنتے ہیں یہ کیا کہہ رہے ہیں:



**راشد:** میں کھانے سے پہلے ہاتھ دھوتا ہوں۔

**کلیم:** میں کھانے کو برا نہیں کہتا۔

اسٹیکر لگائیں

**راشد:** میں کھانے سے پہلے کی دعا پڑھتا ہوں۔

**کلیم:** میں سیدھے ہاتھ سے کھاتا ہوں۔



**راشد:** میں اپنے سامنے سے کھاتا ہوں۔

**کلیم:** میں ٹیک لگا کر کھانا نہیں کھاتا۔

اسٹیکر لگائیں

**راشد:** میں کھانے کے بعد انگلیاں چاٹ کر صاف کرتا ہوں۔



**ہدایات:** آداب اتنی مرتبہ بچوں سے کہلوائیں کہ وہ انھیں زبانی یاد ہو جائیں۔




## پینے کے آداب

١ بسم اللہ پڑھ کر پیئیں۔

٢ بیٹھ کر پیئیں۔

٣ تین سانسوں میں پیئیں۔

٤ سیدھے ہاتھ سے پیئیں۔

٥ پینے کے بعد اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ کہیں۔




### عملی سرگرمی

بچوں کو درس گاہ میں یا کسی مناسب جگہ پر آداب کی عملی مشق کروائیں۔ بچوں کی حوصلہ افزائی بھی کریں کہ ماشاء اللہ بچے آداب کی پابندی کر رہے ہیں۔

یہ سبق دس دن میں پڑھائیں












حضرت محمد ﷺ





بِسۡمِ اللّٰہِ
وَبَرَکَۃِ اللّٰہِ



حضرت آدم
عَلَیۡہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ







# اسکول پروجیکٹ

- اسکول کے بچوں کے لیے تربیتی نظام(Tarbiyah Project) تا کہ اساتذہ اور والدین مل کر بچوں کی بہترین تربیت کر سکیں۔
- اسکول کے بچوں کی دینی واخلاقی تربیت کیلئے دوسالہ مونٹیسوری اور پہلی تا آٹھویں اسلامیات کا نصاب جو کہ وفاقی وزارت تعلیم حکومت پاکستان کے متعین کردہ خطوط کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔
- اسلامیات کے نصاب کے لیے ٹیچرز گائیڈ جس کے ذریعے اساتذہ کو نصاب پڑھانا آسان ہوگا۔
- تدریسی مسائل میں معاونت کے لیے تربیتی نشست برائے معلمین/ معلمات جس میں نبوی طریقۂ تعلیم، بچوں کی نفسیات اور کلاس کنٹرول جیسے دیگر اہم موضوعات شامل ہیں جو ہر استاذ کی ضرورت ہے۔


92-21-34944665-6
92-331-3259464
maktab2006@hotmail.com
www.maktab.com.pk


Price Rs. 100/-


D-4 الہلال کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، یونیورسٹی روڈ، بالمقابل عسکری پارک، پرانی سبزی منڈی، کراچی۔